اخبار الجامعۃ والجماعۃ: **جامع مسجد عمر بن خطابؓ اہل حدیث نوگراں (جہلم) میں جلسہ سیرت النبی ﷺ**

مورخہ 17 اکتوبر بروز ہفتہ جامع مسجد عمر بن خطابؓ اہل حدیث نوگراں (جہلم) میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری ضیاء الدین کی تلاوت سے ہوا۔ جامعہ کے طالب علم حافظ محمد عثمان نے نعت پیش کی۔ بعدازیں جلسہ سے مقرر شیریں بیان قاری محمد یوسف راشد نے سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر خطاب کیا۔ اس پروگرام میں خورد، سعیلہ کینٹ، جہلم اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

وفیات: **ملک ساجد محمود اعوان کو صدمہ**

مورخہ 9 ستمبر بروز بدھ ملک ساجد محمود اعوان (اعوان پور گھوڑہ تحصیل پنڈدادنخان) کا نومولود بچہ وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

میاں عبدالعزیز نظامی، میاں شبیر احمد، میاں عتیق الرحمان، میاں محمود احمد، میاں شمعون احمد اور میاں ہارون الرشید کو صدمہ

مورخہ 13 ستمبر بروز اتوار میاں عبدالعزیز نظامی کی تائی محترمہ اور میاں شبیر احمد، میاں عتیق الرحمان، میاں محمود احمد (واپڈا)، میاں شمعون احمد اور میاں ہارون الرشید کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

نعیم اختر (الیکٹریشن) کو صدمہ

مورخہ 23 ستمبر بروز بدھ نعیم اختر جو کہ جامعہ کے الیکٹریشن ہیں ان کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نماز پنجگانہ کی پابند اور بااخلاق خاتون تھیں۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

سیٹھی مشتاق اور سیٹھی اشفاق کو صدمہ

مورخہ 18 اکتوبر بروز اتوار سیٹھی مشتاق اور سیٹھی اشفاق کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔

محمد اکرم، عمران صادق اور حاجی عبدالکریم کو صدمہ

مورخہ 18 اکتوبر بروز اتوار محمد اکرم کے بھائی، عمران صادق کے ماموں اور حاجی عبدالکریم کی بھانجی کے خاوند محمد اسلم وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ بلال ٹاؤن میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)